
# پراسپیکٹس

## 2025-2026

گورنمنٹ گریجویٹ کالج برائے خواتین، اسلام پورہ، لاہور

# فرمان قائد



بانی پاکستان
**قائداعظم محمد علی جناح**

تعلیم پاکستان کے لیے زندگی اور موت کا مسئلہ ہے۔ دنیا اتنی تیزی سے ترقی کر رہی ہے کہ تعلیمی میدان میں مطلوبہ پیش رفت کے بغیر ہم نہ صرف اقوامِ عالم سے پیچھے رہ جائیں گے بلکہ ہو سکتا ہے کہ ہمارا نام ونشان ہی صفحہ ہستی سے مٹ جائے۔ (26 ستمبر، 1947 کراچی)

# پیغام سربراہ ادارہ

عزیز طالبات! یہ ہمارے لیے باعث فخر و مسرت ہے کہ ہم ایک ایسے تعلیمی ادارے کا حصہ ہیں جو نسل نو کی فکری، اخلاقی اور عملی تربیت کے لیے مسلسل کوشاں ہے۔ تعلیم محض کتابوں تک محدود نہیں بلکہ یہ ایک ہمہ جہت عمل ہے جو انسان کی شخصیت کو سنوارتا، اس کے کردار کو نکھارتا اور اسے زندگی کے چیلنجز سے نمٹنے کے قابل بناتا ہے۔

الحمداللہ! ہمارا کالج اپنی بنیاد سے ہی علم، تحقیق اور تربیت کے اعلی مقاصد کو لے کر آگے بڑھ رہا ہے۔ یہاں کی علمی فضاء ہر طالب علم کی فطری صلاحیتوں کو نکھارتی ہے۔ ہمارے تجربہ کار، محنتی اور مخلص اساتذہ نہ صرف نصابی تعلیم پر توجہ دیتے ہیں بلکہ طلبہ کی اخلاقی اور معاشرتی تربیت کو بھی اولین ترجیح دیتے ہیں۔

ہم اس بات پر یقین رکھتے ہیں کہ ہر طالب علم ایک انمول سرمایہ ہے، اور اسے بہتر راہنمائی، حوصلہ افزائی اور موزوں مواقع فراہم کر کے نہ صرف اس کی ذاتی زندگی سنواری جاسکتی ہے بلکہ اسے معاشرے کا ایک باکردار اور باصلاحیت فرد بھی بنایا جاسکتا ہے۔ یہی وجہ ہے کہ ہم نصابی سرگرمیوں کے ساتھ ساتھ ہم نصابی سرگرمیوں اور غیر نصابی سرگرمیوں کو بھی اہمیت دیتے ہیں تاکہ طالبات کی شخصیت کو سنوارا جائے۔

معاشرتی اقدا، قومی خدمت، حب الوطنی اور اسلامی تہذیب ہماری تعلیمی پالیسی کے اہم ستون ہیں۔ ہم اپنی طالبات کو جدید علوم سے آراستہ کرنے کے ساتھ ساتھ ان کے اندر انسان دوستی، رواداری، امانت داری اور احساسِ ذمہ داری جیسے اوصاف بھی پیدا کرتے ہیں۔

میں تمام طالبات کو خوش آمدید کہتی ہوں اور ان کے لیے دعا گو ہوں کہ اللہ تعالی انہیں کامیابیاں عطا فرمائے اور وہ اپنے والدین، ادارے اور ملک وقوم کا نام روشن کریں۔ والدین اور اساتذہ کا تعاون ہی کسی ادارے کی ترقی و کامیابی کی ضمانت ہوتا ہے، لہذا میں توقع رکھتی ہوں کہ ہم سب مل کر ایک روشن مستقبل کی تشکیل میں اپنا موثر کردار ادا کریں گے۔

اللہ ہم سب کا حامی وناصر ہو۔ آمین

# تعارف

اسلام پورہ کے بارونق علاقے میں اس ادارے کا قیام 2014ء میں عمل میں آیا۔ گورنمنٹ گریجویٹ کالج برائے خواتین، اسلام پورہ لاہور اپنے محدود وسائل کے باوجود علم و دانش کی متلاشی طالبات کے لیے ایک مایہ ناز مادرِ علمی کی حیثیت رکھتا ہے۔ اگست 2015ء میں انٹرمیڈیٹ کی کلاسز کا آغاز کیا گیا۔ بعد ازاں 2021ء پہلے سے بی ایس (چار سالہ پروگرام) کی کلاسز کا آغاز ہوا تو یہ مادرِ علمی گورنمنٹ گریجویٹ کالج کے نام سے موسوم ہوئی۔ جس میں تعلیم و تعلم کا سلسلہ انتہائی تزک و احتشام اور ہمت و جذبہ کے ساتھ جاری و ساری ہے۔ سرخ رنگ کی دیدہ زیب عمارت کو سبز پیرہن نے جاذبِ نظر بنا رکھا ہے۔ عمارت کا وسیع احاطہ انواع و اقسام کے پھول پودوں سے مزین ہے۔ حکومتِ پنجاب کی خصوصی دلچسپی کے باعث یہاں کی فضاؤں کو علم و ادب سے روشناس کروانے میں یہ درسگاہ اہم کردار اَدا کر رہی ہے۔

مجموعی طور پر گذشتہ 5 سال میں طالبات کا بورڈ رزلٹ 100 فیصد رہا ہے۔ جہاں ہمارے اساتذہ طالبات کو زیورِ تعلیم سے مزین کرنے کے ساتھ اخلاقی تربیت بھی کرتے ہیں اور کھیل کے میدان میں ان کی جسمانی تربیت کر کے چاق و چوبند رکھتے ہیں۔ انتظامیہ اور دیانت دار اساتذہ کی محنت کا ثمر ہے کہ یہ طالبات بھی درخشاں کامیابیوں کے ساتھ کالج کا نام روشن کر رہی ہیں۔

ساڑھے سترہ کنال پر مشتمل کالج کی عمارت جدید طرز پر بنائی گئی ہے۔ یہاں موجود کمرے، کشادہ اور ہوادار ہیں۔ سائنس لیبارٹریز جدید سہولیات سے آراستہ ہیں۔ کتب خانہ میں بیش قیمتی کتب اساتذہ اور طالبات کی کسبِ علم میں بھرپور معاونت کرتی ہیں۔ اس ادارے کا بنیادی مقصد اسلامی اقدار کی روشنی میں طالبات کے کردار کی تشکیل کرنا اور انھیں خود انحصاری سکھانا ہے۔ ادارے کی انتظامیہ اساتذہ کے تعاون سے طالبات کو معیاری تعلیم کے ذریعے ذمہ دار شہری اور محبِ وطن پاکستانی بنانے کے لیے ہمہ وقت کوشاں رہے گی۔

خونِ دل دے کے نکھاریں گے رُخِ برگِ گلاب

ہم نے گلشن کے تحفظ کی قسم کھائی ہے

# فہرست


1۔ نمایاں کارکردگی

2۔ کالج انتظامیہ

3۔ کالج کونسل

4۔ کنٹرولر امتحانات

5۔ تدریسی شعبہ جات

6۔ عملہ دفتر

7۔ علمی وادبی سوسائیٹیز

8۔ تفصیل انٹرمیڈیٹ مضامین

9۔ کالج یونیفارم

10۔ سہولیات

11۔ داخلے کی شرائط

12۔ کالج کے قواعد وضوابط

13۔ جرمانے

14۔ پراکٹوریل سسٹم

15۔ فیس وفنڈ

16۔ فیس معافی کا طریقہ کار

17۔ آئن لائن درخواست کا طریقہ

18۔ اہم معلومات

# نمایاں کارکردگی

| رولنمبر | نام | نمبرز |
|---|---|---|
| 533865 | ماہین ملک | 1104 |
| 533907 | مریم امجد | 1078 |
| 585440 | فاطمہ امجد | 1068 |
| 533981 | علیزہ امتیاز | 1035 |
| 533849 | خولہ | 1028 |
| 533902 | عائزہ | 1024 |
| 533866 | نورفاطمہ | 1014 |
| 533918 | رابعہ تنویر | 1013 |
| 533899 | ماہ نور خرم | 1008 |
| 556695 | شفاء قیصر | 1008 |
| 533936 | مریم آصف | 1004 |

| | | |
|---|---|---|
| 1004 | سمعیہ ندیم | 672013 |
| 991 | امامہ | 534008 |
| 991 | رامیض اختر | 585511 |
| 982 | علیشہ فیاض | 533959 |
| 975 | کنزہ فاطمہ | 533975 |
| 969 | ایلیا فاطمہ | 671900 |
| 969 | ماریہ عتیق | 671920 |
| 967 | عروج جمال | 533891 |
| 966 | حافظہ خدیجہ نزیر | 585490 |
| 962 | فائزہ آصف | 625998 |
| 960 | زینب احسان | 585497 |

# کالج انتظامیہ

| | | |
|---|---|---|
| 1۔ | پرنسپل | ڈاکٹر عابدہ بخاری |
| 2۔ | وائس پرنسپل (اکیڈمک) | مسز کوکب ملک |
| 3۔ | وائس پرنسپل (ایڈمن) | مسز سمیرا اسلم |
| 4۔ | طلبا افیئر انچارج | مس ناظمہ امین |
| 5۔ | سینئر ممبر | مسز کوکب ملک |
| 6۔ | QEC انچارج | مسز عائشہ بابر |
| 7۔ | بی ایس ایڈمیشن انچارج | مس بشری ممتاز |
| 8۔ | کنٹرولر امتحانات انٹرمیڈیٹ | مس صدف فاطمہ |
| 9۔ | کنٹرولر امتحانات بی ایس | مس عنبرین تجمل |
| 10۔ | کالج برسر | مسز عائشہ بابر |
| 11۔ | ٹائم ٹیبل انچارج | مسز فصیحہ خورشید |
| 12۔ | سینئر گائیڈ انچارج | مسز فصیحہ خورشید |

| | | |
|---|---|---|
| 13۔ | لائبریرین | مسز مہوش نوازش |
| 14۔ | سپورٹس انچارج | مسز ندا شوکت |
| 15۔ | سکالرشپ/فیس معافی انچارج | مسز ثروت جبیں |
| 16۔ | پراکٹوریل بورڈ انچارج | مسز حرا حنیف |

# کنٹرولر امتحانات

## انٹرمیڈیٹ:

| سیریل نمبر | کنٹرولر | ڈپٹی کنٹرولر |
|---|---|---|
| 1 | مس صدف فاطمہ | مس فصیحہ خورشید |

## بی۔ایس:

| سیریل نمبر | کنٹرولر | اسسٹنٹ کنٹرولر |
|---|---|---|
| 1 | مس عنبرین تجمل | مس مہوش رفیق |

# تدریسی شعبہ جات

**پرنسپل:** ڈاکٹر عابدہ بخاری — پی ایچ۔ڈی اسلامیات (جی۔سی یونیورسٹی، لاہور)

### شعبہ اُردو

| | | | |
|---|---|---|---|
| 1- | ڈاکٹر رابعہ حجاب (صدر شعبہ) | پی ایچ۔ڈی اُردو (اورئینٹل کالج پنجاب یونیورسٹی، لاہور) | اسسٹنٹ پروفیسر |
| 2- | مسز فائزہ انور | ایم۔فل اُردو (جی۔سی۔یونیورسٹی لاہور) | اسسٹنٹ پروفیسر |
| 3- | مِس فائزہ شفقت | ایم۔فل اُردو (اورئینٹل کالج پنجاب یونیورسٹی، لاہور) | لیکچرار |
| 4۔ | مسز مقدس بی بی | ایم۔فل۔اُردو (اورئینٹل کالج پنجاب یونیورسٹی، لاہور) | لیکچرار |

### شعبہ اسلامیات

| | | | |
|---|---|---|---|
| 1۔ | مسز راحت رفیق (صدر شعبہ) | ایم۔فل اسلامیات (پنجاب یونیورسٹی، لاہور) | اسسٹنٹ پروفیسر |
| 2۔ | مس ناعمہ سید | بی۔ایس آنرز اسلامیات | لیکچرار |

### شعبہ انگریزی

| | | | |
|---|---|---|---|
| 1- | مِس بشریٰ ممتاز (صدر شعبہ) | ایم۔فل انگریزی (یونیورسٹی آف مینجمنٹ اینڈ ٹیکنالوجی، لاہور) | اسسٹنٹ پروفیسر |
| 2- | مسز فریحہ شوکت ممتاز | بی۔ایس آنرز (جی۔سی یونیورسٹی، لاہور) | لیکچرار |
| 3- | مسز صبا اعوان | ایم۔فل انگریزی (فاطمہ جناح یونیورسٹی، راولپنڈی) | لیکچرار |
| 4- | مِس خالدہ حمید | ایم۔فل انگریزی (کنیئرڈ کالج یونیورسٹی، لاہور) | لیکچرار |

| | | | |
|---|---|---|---|
| 5- | مسز آمنہ فاروق | ایم۔فل انگریزی (جی۔سی یونیورسٹی، لاہور) | لیکچرار |
| 6۔ | مسز قرۃ العین | ایم۔فل (یونیورسٹی آف مینجمنٹ اینڈ ٹیکنالوجی، لاہور) | لیکچرار |

شعبہ بیالوجی

| | | | |
|---|---|---|---|
| 1- | مسز کوکب ملک (صدر شعبہ) | ایم۔فل زوالوجی (پنجاب یونیورسٹی، لاہور) | ایسوسی ایٹ پروفیسر |
| 2- | مسز حرا حنیف | ایم۔فل مالیکیولر بائیولوجی (پنجاب یونیورسٹی، لاہور) | لیکچرار |

شعبہ ریاضی

| | | | |
|---|---|---|---|
| 1۔ | مسز ثناء پرویز | ایم۔فل (یونیورسٹی آف لاہور) | اسسٹنٹ پروفیسر |
| 2- | مسز سحرش عظیم | ایم۔فل ریاضی (پنجاب یونیورسٹی، لاہور) | اسسٹنٹ پروفیسر |

شعبہ سیاسیات

| | | |
|---|---|---|
| مس فائزہ کرامت (صدر شعبہ) | ایم۔اے پولیٹیکل سائنس (جی سی یونیورسٹی، لاہور) | لیکچرار |

شعبہ شماریات

| | | |
|---|---|---|
| مس عائشہ بابر (صدر شعبہ) | ایم۔ایس سی شماریات (پنجاب یونیورسٹی، لاہور) | لیکچرار |

شعبہ صحت و تعلیم جسمانی

| | | |
|---|---|---|
| مِس ندا شوکت (صدر شعبہ) | ایم۔اے (ہیلتھ اینڈ فزیکل ایجوکیشن، پنجاب یونیورسٹی، لاہور) | لیکچرار |

شعبہ علم التعلیم

| | | |
|---|---|---|
| مس مہوش رفیق (صدر شعبہ) | ایم۔اے علم التعلیم (علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی) | لیکچرار |

**شعبہ فارسی**

| | | |
|---|---|---|
| ڈاکٹر ثروت جبیں (صدر شعبہ) | پی ایچ۔ڈی فارسی (اورینٹل کالج پنجاب یونیورسٹی، لاہور) | اسسٹنٹ پروفیسر |

**شعبہ فائن آرٹس**

| | | |
|---|---|---|
| مس لبینہ ثروت (صدر شعبہ) | ایم۔ایف۔اے (پنجاب یونیورسٹی، لاہور) | لیکچرار |

**شعبہ فزکس**

| | | | |
|---|---|---|---|
| 1- | مِس طیبہ فیاضی (صدر شعبہ) | ایم۔فل فزکس سالڈ سٹیٹ فزکس (پنجاب یونیورسٹی، لاہور) | لیکچرار |
| 2- | مسز زویا حبیب | ایم۔فل فزکس گولڈ میڈلسٹ (پنجاب یونیورسٹی، لاہور) | لیکچرار |
| 3- | مِس حنا زاہد | ایم۔فل فزکس (کومسٹس یونیورسٹی، لاہور) | لیکچرار |

**شعبہ کمپیوٹر سائنس**

| | | | |
|---|---|---|---|
| 1- | مِس آمنہ بتول (صدر شعبہ) | ایم۔ایس سی کمپیوٹر سائنس (ورچوئیل یونیورسٹی آف پنجاب) | لیکچرار |
| 2- | مِس عنبرین تجمل | ایم۔ایس سی ایس ایس (یونیورسٹی آف سنٹرل پنجاب) | لیکچرار |
| 3- | مِس فاطمہ نور | ایم۔فل کمپیوٹر سائنس (لاہور کالج برائے خواتین، لاہور) | لیکچرار |

**شعبہ کیمسٹری**

| | | | |
|---|---|---|---|
| 1- | مسز سمیرا اسلم (صدر شعبہ) | ایم۔فل کیمسٹری (یونیورسٹی آف انجینئرنگ اینڈ ٹیکنالوجی، لاہور) | اسسٹنٹ پروفیسر |
| 2- | ڈاکٹر مریم خان | پی ایچ ڈی کیمسٹری (پنجاب یونیورسٹی، لاہور) | لیکچرار |

**شعبہ لائبریری سائنس**

| | | |
|---|---|---|
| مس نمرہ لطیف (صدر شعبہ) | ایم۔فل لائبریری سائنس (پنجاب یونیورسٹی، لاہور) | لیکچرار |

**شعبہ معاشیات**

| | | |
|---|---|---|
| مسز صدف فاطمہ (صدر شعبہ) | ایم۔فل معاشیات (منہاج یونیورسٹی، لاہور) | اسسٹنٹ پروفیسر |

**شعبہ نفسیات**

| | | |
|---|---|---|
| مسز ناظمہ امین (صدر شعبہ) | ایم۔فل اَپلائیڈ سائیکالوجی (یونیورسٹی آف سرگودھا) | اسسٹنٹ پروفیسر |

**شعبہ ہوم اکنامکس**

| | | |
|---|---|---|
| ڈاکٹر فصیحہ خورشید (صدر شعبہ) | پی ایچ۔ڈی ہوم اکنامکس (کالج آف ہوم اکنامکس، لاہور) | اسسٹنٹ پروفیسر |

**لائبریرین**

| | | |
|---|---|---|
| مِس مہوش نوازش | ایم۔فل اِنفارمیشن مینجمنٹ (پنجاب یونیورسٹی، لاہور) | لائبریرین |

## دفتری عملہ

| | |
|---|---|
| فواد احمد صدیقی | سینئر کلرک |
| احمد حسیب | سینئر کلرک |
| فیصل حسین | سینئر کلرک |
| ارم رشید | جونیئر کلرک |
| عُظمیٰ سرفراز | جونیئر کلرک |
| سعید الرحمٰن | کیئر ٹیکر |

# علمی وادبی سوسائیٹیز

علمی اورادبی سوسائیٹیز ہرعہد میں طلبہ کی فکری وعملی بالیدگی کا اہتمام کرتی رہی ہیں۔اس کے پیشِ نظر ہم نصابی سرگرمیوں کے حوالے سے کالج ہذا کا ریکارڈ انتہائی شاندار ہے۔۔یہاں مختلف انجمنیں متعلقہ شعبوں کے انچارج اساتذہ کی زیرنگرانی طالبات کے لیے دلچسپ پروگرام ترتیب دیتی ہیں۔علمی وادبی سرگرمیوں میں کالج ہذا کی طالبات ہمیشہ نمایاں کارکردگی کا مظاہرہ کرتی آئی ہیں۔

## اسلامک سوسائٹی:

| | | |
|---|---|---|
| 1۔ | مس راحت رفیق | اسسٹنٹ پروفیسر اسلامیات |
| 2۔ | مس ناعمہ سید | لیکچرر اسلامیات |

## Women Empowerment

| | | |
|---|---|---|
| 1۔ | مس خالدہ حمید | لیکچرر انگریزی |
| 2۔ | مس فریحہ | لیکچرر انگریزی |

## انگلش تقریری مباحثہ:

| | | |
|---|---|---|
| 1۔ | مس بشریٰ ممتاز | اسسٹنٹ پروفیسر انگریزی |
| 2۔ | مس قراۃ العین | لیکچرر انگریزی |

**میوزک سوسائٹی:**

| | | |
|---|---|---|
| 1۔ | مس بشریٰ ممتاز | اسسٹنٹ پروفیسر انگریزی |
| 2۔ | مس نداشوکت | لیکچرر فزیکل ایجوکیشن |

**آرٹ سوسائٹی:**

| | | |
|---|---|---|
| 1۔ | مس لیناثروت | اسسٹنٹ پروفیسر فائن آرٹ |

**سائنس سوسائٹی:**

| | | |
|---|---|---|
| 1۔ | مس زویاحبیب | لیکچرر فزکس |
| 2۔ | مس حراحنیف | لیکچرر بیالوجی |
| 3۔ | مس حنازاہد | لیکچرر فزکس |

**سپورٹس سوسائٹی:**

| | | |
|---|---|---|
| 1۔ | مس نداشوکت | لیکچرر فزیکل ایجوکیشن |

**اردو تقریری مباحثہ:**

| | | |
|---|---|---|
| 1۔ | مس فائزہ انور | اسسٹنٹ پروفیسر اردو |
| 2۔ | مس فائزہ شفقت | لیکچرر اردو |

## سالانہ محفل میلاد





## اقبال ڈے








## کلچرل ڈے









## سپورٹس ڈے









## سالانہ مینا بازار










## یوم شجرکاری









## تقریبِ یوم آزادی









## فن مصوری و سائنسی نمائش















# انٹر میڈیٹ

**لازمی مضامین:** (1) اُردو (2) انگریزی (3) اسلامیات (سال اول) (4) مطالعہ پاکستان (سال دوم)

**نوٹ:** طالبات داخلے کے وقت پورے غوروخوض کے بعد مضامین کا انتخاب کریں۔ بعد میں مضمون تبدیل کرنے کی اجازت نہیں ہے۔

## اختیاری مضامین

لازمی مضامین کے علاوہ کسی ایک اختیاری گروپ کا انتخاب کریں۔

**ایف ایس سی:**

| گروپ | سیٹ نمبر | مضمون نمبر1 | مضمون نمبر2 | مضمون نمبر3 |
|---|---|---|---|---|
| پری میڈیکل | PM | کیمسٹری | فزکس | بیالوجی |
| پری انجینئرنگ | PE | کیمسٹری | فزکس | ریاضی |
| آئی۔سی ایس | ICS-1 | فزکس | ریاضی | کمپیوٹر سائنس |
| آئی۔سی ایس | ICS-2 | معاشیات | ریاضی | کمپیوٹر سائنس |
| آئی۔سی ایس | ICS-2 | شماریات | ریاضی | کمپیوٹر سائنس |
| جنرل سائنس | G.Sc | شماریات | ریاضی | معاشیات |

# اختیاری مضامین (ایف۔ اے)

## اختیاری مضامین برائے انٹرمیڈیٹ (2025-2026)

| | | | |
|---|---|---|---|
| H-1 | اسلامیات | نفسیات | اکنامکس |
| H-2 | اسلامیات | فائن آرٹس | اکنامکس |
| H-3 | اسلامیات | ہوم اکنامکس | اکنامکس |
| H-4 | اسلامیات | فارسی | اکنامکس |
| H-5 | اسلامیات | انگریزی ادب | اکنامکس |
| H-6 | اسلامیات | اردو ادب | اکنامکس |
| H-7 | اسلامیات | نفسیات | سوکس |
| H-8 | اسلامیات | فائن آرٹس | سوکس |
| H-9 | اسلامیات | ہوم اکنامکس | سوکس |
| H-10 | اسلامیات | فارسی | سوکس |
| H-11 | اسلامیات | انگریزی ادب | سوکس |

| | | | |
|---|---|---|---|
| H-12 | اسلامیات | اردوادب | سوکس |
| H-13 | اسلامیات | نفسیات | فزیکل ایجوکیشن |
| H-14 | اسلامیات | فائن آرٹس | فزیکل ایجوکیشن |
| H-15 | اسلامیات | ہوم اکنامکس | فزیکل ایجوکیشن |
| H-16 | اسلامیات | فارسی | فزیکل ایجوکیشن |
| H-17 | اسلامیات | انگریزی ادب | فزیکل ایجوکیشن |
| H-18 | اسلامیات | اردوادب | فزیکل ایجوکیشن |
| H-19 | ایجوکیشن | نفسیات | اکنامکس |
| H-20 | ایجوکیشن | فائن آرٹس | اکنامکس |
| H-21 | ایجوکیشن | ہوم اکنامکس | اکنامکس |
| H-22 | ایجوکیشن | فارسی | اکنامکس |
| H-23 | ایجوکیشن | انگریزی ادب | اکنامکس |
| H-24 | ایجوکیشن | اردوادب | اکنامکس |
| H-25 | ایجوکیشن | نفسیات | سوکس |
| H-26 | ایجوکیشن | فائن آرٹس | سوکس |

| | | | |
|---|---|---|---|
| H-27 | ایجوکیشن | ہوم اکنامکس | سوکس |
| H-28 | ایجوکیشن | فارسی | سوکس |
| H-29 | ایجوکیشن | انگریزی ادب | سوکس |
| H-30 | ایجوکیشن | اردوادب | سوکس |
| H-31 | ایجوکیشن | نفسیات | فزیکل ایجوکیشن |
| H-32 | ایجوکیشن | فائن آرٹس | فزیکل ایجوکیشن |
| H-33 | ایجوکیشن | ہوم اکنامکس | فزیکل ایجوکیشن |
| H-34 | ایجوکیشن | فارسی | فزیکل ایجوکیشن |
| H-35 | ایجوکیشن | انگریزی ادب | فزیکل ایجوکیشن |
| H-36 | ایجوکیشن | اردوادب | فزیکل ایجوکیشن |
| H-37 | لائبریری سائنس | فارسی | سوکس |
| H-38 | لائبریری سائنس | فارسی | اکنامکس |

## اختیاری مضامین برائے انٹرمیڈیٹ (ایف۔اے) I-T (2025-2026)

| | | | |
|---|---|---|---|
| H-39 | لائبریری سائنس | کمپیوٹر سائنس | اکنامکس |
| H-40 | لائبریری سائنس | کمپیوٹر سائنس | سوکس |
| H-41 | اسلامیات | کمپیوٹر سائنس | اکنامکس |
| H-42 | اسلامیات | کمپیوٹر سائنس | سوکس |
| H-43 | ایجوکیشن | کمپیوٹر سائنس | اکنامکس |
| H-44 | ایجوکیشن | کمپیوٹر سائنس | سوکس |
| H-45 | لائبریری سائنس | کمپیوٹر سائنس | فزیکل ایجوکیشن |
| H-46 | اسلامیات | کمپیوٹر سائنس | فزیکل ایجوکیشن |
| H-47 | ایجوکیشن | کمپیوٹر سائنس | فزیکل ایجوکیشن |

**نوٹ**:

(1) اُردو، انگلش لٹریچر اور فائن آرٹس میں داخلہ کی خواہشمند طالبات کو داخلے سے پہلے ایک تحریری امتحان دینا ہوگا جسے پاس کرنا لازمی ہے۔ میٹرک میں 50% نمبروں کا ہونا لازمی ہے۔

(2) فزیکل ایجوکیشن رکھنے والی طالبات کے لیے فزیکل فٹنس ٹیسٹ پاس کرنا لازمی ہے۔

(3) ریاضی، فزکس اور کمپیوٹر کے مضامین اختیار کرنے کے لیے میٹرک سائنس کے ساتھ ہونا ضروری ہے۔

(4) ریاضی مضمون اختیار کرنے کے لیے میٹرک میں ریاضی میں 60 فیصد نمبر ہونے ضروری ہیں۔

(5) آئی۔سی ایس کے تمام گروپس میں نشستوں کی تعداد محدود ہے۔

## (سیکنڈ شفٹ)

### پروگرامز:

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| آئی کام (سال اول) | اکاؤنٹنگ | اکنامکس | کامرس | بزنس میتھ |
| (سال دوم) | اکاؤنٹنگ | کمپیوٹر سائنس | بینکنگ | جغرافیہ |

**نوٹ**: تمام گروپس میں داخلہ میرٹ کی بنیاد پر ہوگا۔

☆ سیکنڈ شفٹ کی فیس بورڈ سے جاری کردہ شیڈول کے مطابق لی جائے گی۔

### کالج یونیفارم:

موسم گرما: سفید سوتی کپڑے کی شلوار قمیض، سفید دوپٹہ (جس کے گرد ہر کلاس کے لیے مختص رنگ کا رِبن ہے) جرابیں سیاہ یا سکن

موسم سرما: سیاہ جرسی، سیاہ شال، سیاہ بند جوتے، کالج کا مخصوص ڈوپٹہ

### رِبن کے رنگ:

سال اول: سائنس ——— پیلا
آرٹس ——— گلابی

سال دوم: سائنس ——— نیلا
آرٹس ——— عنابی

**نوٹ**: طالبات کے لیے ربن کالج کینٹین سے خریدنا لازم ہے۔

# سہولیات

## کیرئیر کونسلنگ/Career Counceling


کالج میں کیرئیر کونسلنگ کی سہولیات فراہم کرنے کا مقصد طلباء کو مختلف شعبوں کے بارے میں آگاہی دینا اور ان کے ذہنی رجحانات، صلاحیتوں اور دلچسپیوں کے مطابق پیشہ وارانہ راہنمائی فراہم کرنا ہے۔اس سہولت کے تحت طلباء کو مختلف شعبہ جات کے متعلق معلومات فراہم کی جاتی ہیں۔جیسا کہ انجینئر نگ،طب،قانون،تجارت،کاروبار،فنون لطیفہ وغیرہ

## سائنسی لیبارٹریاں/Science Labs

کالج میں سائنسی لیبارٹریاں (فزکس، کیمسٹری، بیالوجی) ایک اہم تعلیمی سہولت ہیں۔ جو طلباء کو نہ صرف سائنسی علوم کو عملی طور پر سمجھنے بلکہ تجربات کرنے کے مواقع بھی فراہم کرتی ہیں۔ جہاں تمام علوم سے متعلقہ سامان اور آلات طلباء کی سہولت کے لیے دستیاب ہے۔

## کمپیوٹر لیبارٹری /Computer Lab

طلباء کو جدید ٹیکنالوجی کے استعمال اور کمپیوٹنگ کی دنیا سے واقف کروانے کے لیے کالج میں کمپیوٹر لیبارٹری کا قیام عمل میں لایا گیا۔ یہاں طلباء کو کمپیوٹر پروگرامنگ، ڈیٹا بیس مینجمنٹ، گرافک ڈیزائنگ اور دیگر کمپیوٹر سے متعلقہ مہارتیں سکھائی جاتی ہیں۔کمپیوٹر لیبارٹری میں انٹرنیٹ کی سہولت بھی موجود ہے جس کا استعمال طلباء کو تحقیق اور آن لائن مواد تک رسائی کے لیے کرتے ہیں۔انٹر نیٹ کی مدد سے طلباء اپنے تعلیمی امور کو نہ صرف بہتر انداز میں سرانجام دے پاتے ہیں بلکہ عالمی سطح پر جدید ترین معلومات حاصل کر سکتے ہیں۔کمپیوٹر لیبارٹڑی میں گروپ ورک اور پرجیکٹس کرنے کے لیے بہترین ماحول فراہم کیا جاتا ہے۔ یہ لیبارٹری نہ صرف طلباء کی تعلیمی ترقی میں مدد دیتی ہے بلکہ انہیں مستقبل کی پیشہ وارانہ مہارتوں کے لیے بھی تیار کرتی ہے۔



## College Website/ کالج کی ویب سائٹ

ادارے کی ویب سائٹ (Website) کالج میں دستیاب کورسز اور پروگرامز کی تفصیل فراہم کرتی ہے۔کالج میں داخلے کے لیے درکار دستاویزات اور درخواست دینے کا طریقہ کار بھی درج ہے۔ویب سائٹ پر اساتذہ اور انتظامی عملے کی تفصیل بھی فراہم کی گئی ہے۔اس سے طلباء کو اپنے اساتذہ اور معاون عملے سے رابطہ کرنے میں آسانی ہوتی ہے۔الغرض کالج ویب سائٹ کالج کی تمام سرگرمیوں سے آگاہی کا اہم ذریعہ ہے۔

## College Library:کالج لائبریری

کالج ہذا میں طالبات کی سہولت کے پیش نظر بیش قیمت ذخیرہ کتب پر مشتمل ایک اعلیٰ درجہ کی لائبریری ہے۔جس سے استفادہ کرنے والی تمام طالبات کو لائبریری کارڈ پر درج قواعد و ضوابط کا خیال رکھنا ہوگا۔کالج کی طالبات سات دن کے لیے کالج کی لائبریری سے کتابیں لے سکتی ہیں۔کتابوں کو کسی قسم کا نقصان پہنچانے یا نشان لگانے پر جرمانہ عائد کیا جائے گا۔






" I don't have to
look far to find treasures.
I discover them every
time I visit a library."
-Michael Embry

## کالج میگزین /College Magazine

طلبہ، اساتذہ کرام اور دوسرے مقامی ماہرین علم وادب کی نگارشات پر مشتمل علمی وادبی مجلّہ ''سبدِ گل'' شائع کیا جاتا ہے۔ جس کی نگرانی اساتذہ کے سپرد ہوتی ہے۔ طلباء میں اہلیت اور کارکردگی کی بنیاد پر نمائندے مقرر کیے جاتے ہیں۔ اس طرح طلباء کو اپنی تخلیقی صلاحیتوں کو سامنے لانے کے مواقع میسر آتے ہیں۔

## وظائف:

بورڈ آف انٹرمیڈیٹ اینڈ سیکنڈری ایجوکیشن کی طرف سے میرٹ سکالرشپ دی جاتی ہے۔ اس کے علاوہ مورا سکالرشپ، PEEF، زکوۃ فنڈ، ریڈ کریسنٹ فنڈ وغیرہ دے جاتے ہیں۔

## کالج ہال /College Hall

مختلف النوع تقاریب، سیمینارز اور ورکشاپس کے لیے کالج میں کشادہ اور دلکش ہال تیار کیا گیا ہے۔

## سیمینار /Seminar

مختلف سماجی مسائل پر کالج میں سیمینار کا انعقاد کیا جاتا ہے۔ مزید برآں پیشہ وارانہ ترقی سے متعلقہ سیمینارز اور مختلف مضامین پر معلومات فراہم کرنے کے لیے بھی سیمینار منعقد کیے جاتے ہیں۔


SALAM





## کالج کارڈ: College Card

طالبات بوقتِ داخلہ اپنا شناختی کارڈ بنوالیں۔ ہر طالبہ کالج کا شناختی کارڈ ہر وقت اپنے پاس رکھے، بصورت دیگر جرمانہ کیا جائے گا۔ کارڈ گم ہونے کی صورت میں نیا کارڈ بنوانے پر مبلغ 100 روپے جرمانہ ہوگا۔

## کالج ڈسپنسری:Dispensay

طالبات کی سہولت کے لیے کالج میں ڈسپنسری موجود ہے۔

## کالج کینٹین:College Canteen

طالبات کے لیے کالج میں کینٹین کی سہولت موجود ہے۔ جہاں معیاری اور صاف ستھری اشیاء دستیاب ہیں۔

## تربیت جسمانی اورکھیل

طالبات کو مستعد اور فعال رکھنے کے لیے کالج میں مختلف کھیلوں کا انتظام ہے۔ بیڈمنٹن، باسکٹ بال، والی بال، ٹیبل ٹینس، ہاکی، کراٹے، جمناسٹک، اتھلیٹکس جیسی کھیلوں کا باقاعدہ انعقاد کیا جاتا ہے۔ اور طلباء کو ان کی تربیت دی جاتی ہے۔ مختلف کھیلوں کے دوستانہ مقابلہ جات منعقد کیے جاتے ہیں۔ اس کے علاوہ بورڈ/یونیورسٹی اور دوسری سطحوں پر مقابلے کے لیے ٹیمیں بھیجی جاتی ہیں۔






GOVT. GRADUATE COLLEGE
FOR WOMEN







































# کالج میں داخلے کی شرائط

## انٹرمیڈیٹ

کالج میں داخلے کے لیے مخصوص داخلہ فارم پر سائنس، آرٹس جنرل سائنس، آئی سی ایس، آئی کام، بی اے، بی ایس سی، بی کام میں داخلہ کے لیے الگ الگ داخلہ فارم جمع کروانا ضروری ہے۔ کھیلوں کا خصوصی کوٹہ صرف ایف اے آرٹس کے لیے ہوگا۔ داخلہ فارم کے ساتھ کھیلوں میں نمایاں حیثیت کا سرٹیفیکیٹ لگانا ضروری ہے۔ داخلہ کی درخواست صرف مجوزہ فارم پر ہی دی جاسکتی ہے۔ جو کالج کے دفتر سے حاصل کیا جاسکتا ہے۔ ہر طالبہ کے لیے لازم ہے کہ وہ اپنے والدین یا سرپرست کی تحریری اجازت کے بعد درخواست دے۔ اسے یہ عہد کرنا ہوگا کہ کالج کے دوران وہ کسی قسم کی سیاسی سرگرمی میں حصہ نہیں لے گی۔ اگر کوئی طالبہ کسی سیاسی سرگرمی میں حصہ لیتی دکھائی دی تو پرنسپل ہر قسم کی تادیبی کاروائی کرنے کی مجاز ہیں۔

جب تک درخواست دہندہ کالج کے واجبات ادا نہ کرے تو اس کا داخلہ قطعی نہ ہوگا۔ داخلہ مل جانے پر اگر مجوزہ مدت کے اندر واجبات جمع نہ کروائے جاسکے تو داخلہ منسوخ ہو جائے گا۔

سال اول میں داخلے کے لیے داخلہ فارم کے ساتھ میٹرک کے رزلٹ کارڈ کی تین عدد تصدیق شدہ کاپی اور تین عدد تصویریں 1.5×1.5 منسلک کرنا ضروری ہے۔

معذوری کی بنیاد پر داخلہ فارم کے ساتھ ادارہ بحالی معذوراں لاہور یا سروسز ہسپتال کے میڈیکل سپرنٹنڈنٹ کا جاری کردہ ڈس ایبلڈ سرٹیفیکیٹ منسلک کرنا لازمی ہے۔

امیدوار میرٹ لسٹ میں نام آنے کی صورت میں اپنے متعلقہ گروپ کے کمرے میں مندرجہ ذیل اسناد و دستاویزات بمعہ تصدیق شدہ فوٹو کاپی لانے کی پابند ہے۔

(i) تین میٹرک کا رزلٹ کارڈ/ ایف اے، ایف ایس سی کا رزلٹ کارڈ۔

(ii) تین عدد حالیہ تصاویر 1.5×1.5 سائز انٹرمیڈیٹ کے لیے (سفید بیک گراؤنڈ کے ساتھ)، بی اے کے لیے (نیلی بیک گراؤنڈ کے ساتھ)۔

(iii) تین عدد کریکٹر سرٹیفیکیٹ۔

(iv) والد/ سرپرست کے شناختی کارڈ کی تین عدد فوٹو کاپی۔

(v) لاہور ثانوی تعلیمی بورڈ کے علاوہ کسی دوسرے بورڈ سے میٹرک کا امتحان پاس کرنے کی صورت میں اصل این او سی (NOC) (دو عدد فوٹو کاپی)۔

(vi) داخلہ کلیتاً میرٹ کی بنیاد پر ہوگا۔ والدین داخلہ کے لیے کسی قسم کے غیر قانونی لین دین کے خود ذمہ دار ہوں گے۔

(vii) داخلہ ہو جانے کی صورت میں ہیلتھ فارم پُر کر کے جمع کروانا لازم ہے، بصورت دیگر اُن کا داخلہ منسوخ ہو جائے گا۔ نوٹ: داخلہ فارم پر گھر کا پتہ اور درست فون نمبر لکھنا لازمی ہے۔

# کالج کے قواعد و ضوابط

- ☆ طالبات کو چاہیے کہ کالج کے نوٹس بورڈ با قاعدگی سے دیکھیں۔
- ☆ کسی بھی طالبہ کو از خود کالج نوٹس بورڈ پر کسی قسم کا نوٹس لگانے کی اجازت نہیں۔
- ☆ طالبات کے لیے پابندی وقت اور کلاسز میں حاضری لازمی ہے۔طالبات کو کلاسز چھوڑنے کی اجازت نہیں۔
- ☆ طالبات کالج اوقات کے دوران چھٹی سے پہلے کالج سے باہر نہیں جاسکتیں، تاہم کسی ایمرجنسی کی صورت میں والدین/سرپرست کے ساتھ پرنسپل صاحبہ کی اجازت لے کر جاسکتی ہیں۔
- ☆ طالبات کا ایڈمن بلاک میں بلا وجہ آنا منع ہے۔
- ☆ اساتذہ کو مکمل اختیار ہے کہ ہر وقت طالبات کے رویے کی بہتر تربیت کریں۔
- ☆ طالبات پر لازم ہے کہ کالج بند ہونے کے آدھ گھنٹہ بعد کالج خالی کر دیں۔ بعد ازاں کالج انتظامیہ ذمہ دار نہیں۔کسی بھی صورت میں اگر کوئی طالبہ کالج گیٹ سے باہر جائے گی تو اسے دوبارہ کالج میں داخل ہونے کی اجازت نہیں ہے۔
- ☆ والدین کو خصوصی ہدایت کی جاتی ہے کہ طالبات کالج اوقات کی پابندی کریں کالج گیٹ کالج شروع ہونے کے 10 منٹ بعد بند کر دیا جائے گا اور کسی طالبہ کو کالج میں داخل ہونے کی اجازت نہ ہوگی۔
- ☆ طالبات کو کالج میں ذاتی نوعیت کی پارٹیاں منعقد کرنے کی اجازت نہیں۔
- ☆ پرنسپل کو مکمل اختیار ہے کہ وہ طالبات کو بد نظمی کا مظاہرہ کرنے، اساتذہ سے گستاخی کی مرتکب ہونے یا کالج کے اصولوں کی خلاف ورزی کرنے پر جرمانہ کرے یا سزا دے۔انتہائی صورت میں پرنسپل صاحبہ طالبہ کو کالج سے نکالنے کی مجاز ہیں۔
- ☆ طالبات کو ہرگز اجازت نہیں کہ وہ پڑھائی کے اوقات کے دوران کسی کو ہمراہ لائیں۔
- ☆ کوئی بھی طالبہ مالی امداد کی شکل میں دیگر طالبات سے کوئی رقم وصول نہیں کر سکتی۔

☆ کالج کی چار دیواری کے باہر کسی بھی حادثہ کی صورت میں کالج انتظامیہ ذمہ دار نہ ہوگی۔

☆ طالبات کے لیے لازم ہے کہ وہ اپنے برقعے اور چادریں برقع روم میں رکھیں۔

## رخصت کے قواعد:

کالج ہذا کی پرنسپل صاحبہ طالبات کو چھٹی دینے کا مکمل اختیار رکھتی ہیں۔ تمام درخواستیں مع دستخط والدین/سرپرست پرنسپل صاحبہ کے نام آنی چاہیں۔

☆ بیماری کی صورت میں چار دِن سے زائد چھٹی حاصل کرنے کیلئے کسی سرکاری ہسپتال کے **M.S** کا جاری کردہ میڈیکل سرٹیفکیٹ فراہم کرنا لازم ہے بصورتِ دیگر میڈیکل قابلِ قبول نہیں ہوگا۔

☆ دَس دن تک بغیر درخواست کے کالج سے غیر حاضر رہنے والی طالبہ کا نام کالج سے خارج کر دیا جائے گا۔

## حاضری کے قواعد:

☆ تمام طالبات کلاسز میں باقاعدگی سے حاضر ہوں، غیر حاضری کی صورت میں جرمانہ ہوگا۔

☆ طالبات کے لیے لازم ہے کہ وہ بورڈ اور یونیورسٹی کی مقرر کردہ 75% حاضری کی شرط کو پورا کریں وگرنہ ان کا داخلہ روک دیا جائے گا۔

☆ 10 دن تک بغیر درخواست کالج سے غیر حاضر رہنے والی طالبہ کا نام کالج سے خارج کر دیا جائے گا، دوسری بار نام خارج ہونے کی صورت میں داخلہ روک دیا جائے گا۔

☆ جو طالبہ ماہ ستمبر سے مسلسل غیر حاضر رہے گی۔ اسکا ایڈمیشن نہیں بھیجا جائے گا۔ نیز ایسی طالبہ کے خلاف تادیبی کاروائی کا جائے گی۔

## امتحان کے قواعد:

تمام امتحانات یونیورسٹی/ بورڈ/ کالج کی وضع کردہ پالیسی کے مطابق ہوں گے۔ ثانوی تعلیمی بورڈ کے 75-1974 کے حکم کے مطابق داخلی گریڈ کا نظام رائج کیا جائے گا۔ ثانوی تعلیمی بورڈ کے دیئے گئے قواعد کے مطابق گریڈ کا تعین ہوگا جو طالبات کی سند پر بھی رائج کیا جائے گا۔

☆ طالبات کے لیے ہر مضمون کا ماہانہ ٹیسٹ دینا لازمی ہے۔ اساتذہ طالبات کی ماہانہ حاضری کا ریکارڈ اور ماہانہ ٹیسٹ رزلٹ کا اندراج رزلٹ رجسٹر میں کرتی ہیں۔ والدین پر لازم ہے کہ طالبات کے ماہانہ ٹیسٹ اور دسمبر ٹیسٹ کے لیے انچارج سے رابطہ کریں۔

- ☆ کالج ہذا میں منعقد ہونے والی Parents Teacher میٹنگ میں والدین کی شرکت لازمی ہے۔
- ☆ امتحانات میں طالبات کی شرکت اور پاس ہونا لازمی ہے۔
- ☆ کلاس ٹیسٹ میں غیر حاضری پر مبلغ 50 روپے جرمانہ ہوگا۔ دسمبر ٹیسٹ اور پری بورڈ امتحان میں غیر حاضر ہونے کی صورت میں 200 روپے فی پرچہ جرمانہ ہوگا۔ تمام طالبات کی حاضری محکمہ تعلیم حکومت پنجاب کے اکیڈمک کیلنڈر کے مطابق سال دوم 30 مارچ اور سال اول 15 اپریل تک لازمی ہے۔
- ☆ بیماری کی صورت میں طالبہ کا میڈیکل سرٹیفکیٹ بروقت فراہم کیا جائے، ورنہ طالبہ کو فیل قرار دیا جائے گا۔
- ☆ سال اول و دوم کی طالبات کا کالج کے امتحانات/ ماہانہ ٹیسٹ میں غیر حاضری اور دیئے گئے لیکچروں میں سے 75% سے کم حاضری کی صورت میں بورڈ کے قواعد وضوابط کے مطابق بورڈ کو داخلہ نہیں بھیجا جائے گا۔
- ☆ امتحانات میں کسی قسم کی بدعنوانی کی مرتکب طالبات کا کیس کالج کونسل کے سامنے پیش ہوگا اور کالج کونسل کا فیصلہ حتمی ہوگا۔

## جرمانے

کالج میں زیورات، میک اَپ، موبائل فون، کیمرے کا استعمال منع ہے۔ طالبات کے لیے یونیفارم کی پابندی لازم ہے۔ نامکمل یونیفارم کی صورت میں جرمانہ کیا جائے گا اور رنگین لباس پہن کر آنے والی طالبات کو کالج گیٹ کے اندر داخل نہیں ہونے دیا جائے گا۔گ۔ طالبات کو کالج میں کیمرے، ٹرانسسٹر، ٹیپ ریکارڈر یا موبائل فون لانے کی اجازت نہیں، خلاف ورزی کی صورت میں یہ اشیاء ضبط کر لی جائیں گی۔ کالج کی املاک و در و دیوار کو نقصان پہنچانے کی صورت میں طالبات کا سختی سے محاسبہ کیا جائے گا۔ انتہائی صورت میں پرنسپل صاحبہ طالبہ کو کالج سے نکالنے کی مجاز ہیں۔ گورنمنٹ آف پنجاب کے مراسلہ نمبر A/DPIC'!/170 بتاریخ 2016-07-21 کے مطابق جو طالبات کلاسز یونیفارم یا نظم وضبط کے سلسلے میں کسی بھی قسم کی بے قاعدگی کی مرتکب پائی گئیں انہیں درج ذیل شرح سے جرمانہ ہوسکتا ہے

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| فائن موبائل/ کیمرہ/ ٹیپ ریکارڈر/ لیپ ٹاپ | = | Rs.1000/- | غیر حاضری یومیہ | = | Rs.10/- |

غیر اخلاقی و غیر ذمہ دارانہ رویہ =200 تا 1000 روپے قواعد و ضوابط کی خلاف ورزی = 200 تا 1000 روپے

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| جیولری | = | Rs.150/- | گروپ پارٹیز | = | Rs.1000/- |
| نامکمل یونیفارم | = | Rs.100/- | امتحان میں غیر حاضری | = | فی پرچہ -/Rs.200 |

# پراکٹوریل سسٹم

کالج کی حدود میں امن و امان، نظم و ضبط اور تعلیمی فضا برقرار رکھنے کے لیے پراکٹوریل بورڈ قائم ہے۔ جو درج ذیل امور کا خیال رکھتا ہے۔

1۔ طلباء و طالبات کالج لائبریری، ریڈنگ روم، جلسہ گاہ اور کھیل کے میدان میں نظم و ضبط قائم رکھیں۔
2۔ طلبا و طالبات کالج کے دفتر اور سٹاف روم میں بلا ضرورت داخل نہ ہوں۔
3۔ طلبا و طالبات ناشائستہ حرکات اور باہمی تنازعات سے اجتناب کریں۔
4۔ طلبا و طالبات برآمدوں اور مصروف جماعتوں کے آس پاس بلا جواز آمد و رفت سے پرہیز کریں۔
5۔ طلبا و طالبات کسی بات پر آپس میں گالی گلوچ اور لڑائی جھگڑا نہ کریں۔
6۔ موبائل فون ہمراہ لانے یا استعمال کرنے کی ہرگز اجازت نہیں ہے۔ استعمال کی صورت میں موبائل فون ضبط یا جرمانہ ہوگا۔
7۔ طلبا و طالبات اپنے شناختی کارڈ کو ہمہ وقت اپنے ساتھ رکھیں۔
8۔ سگریٹ نوشی یا کسی قسم کے نشہ کی اجازت نہ ہوگی۔
9۔ کالج کی حدود میں سائیکل، موٹر سائیکل چلانا سخت منع ہے۔
10۔ پراکٹوریل بورڈ راہنمائی فراہم کرے گا جس کا مقصد نظم و ضبط کے اصولوں کے خلاف ورزی کرنے والے طلبا و طالبات کی اصلاح کرنا ہو

گا۔راہنمائی سیل ایسے طلبا کے کوائف سے پراکٹوریل بورڈ کو مطلع کرے گا۔

مندرجہ بالا اموراور اسی نوعیت کے دوسرے معاملات یا احکامات کی خلاف ورزی کی صورت میں طلبا وطالبات کے خلاف سخت تادیبی کارروائی کی جائے گی۔اس سلسلے میں ڈسپلنری کمیٹی کے فیصلے کے مطابق جرمانہ یا کالج سے اخراج وغیرہ کی سزائیں دی جاسکتی ہیں۔

## فیس اورفنڈز

| | ایف۔اے | ایف ایس سی | آئی سی ایس | آئی کام | - | - |
|---|---|---|---|---|---|---|
| فیس داخلہ | 80 | 65 | 80 | 80 | - | - |
| ٹیوشن فیس | 600 | 600 | 600 | 600 | - | - |
| جنرل فنڈ | 50 | 50 | 50 | 50 | - | - |
| ویلفیئر فنڈ | 50 | 50 | 50 | 50 | - | - |
| میڈیکل فنڈ | 50 | 50 | 50 | 50 | - | - |
| ہلال احمر فنڈ | 50 | 50 | 50 | 50 | - | - |
| میگزین فنڈ | 120 | 120 | 120 | 120 | - | - |
| لائبریری سیکورٹی | 500 | 500 | 500 | 500 | - | - |
| برقع فنڈ | 100 | 100 | 100 | 100 | - | - |

| | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|
| نفسیات | 60 | - | - | - | - | - |
| فزیکل ایجوکیشن | 60 | - | - | - | - | - |
| فائن آرٹس | 60 | - | - | - | - | - |
| ہوم اکنامکس | 60 | - | - | - | - | - |
| پرچہ جات سٹیشنری امتحانات | 180 | 180 | 180 | 180 | - | - |
| ری ایڈمیشن | 100 | 100 | 100 | 100 | - | - |
| ایف۔اے/ جنرل سائنس | - | - | 60 | - | - | - |
| پری میڈیکل | - | 180 | - | - | - | - |
| پری انجینئرنگ | - | 120 | - | - | - | - |
| کالج کارڈ | 50 | 50 | 50 | 50 | - | - |
| کمپیوٹر سائنس/ آئیٹی فیس | 300 | - | 300 | - | - | - |
| سیکنڈ شفٹ | - | - | - | 3600 | - | - |
| بورڈ/ یونیورسٹی ایفلیشن فنڈ | 240 | 240 | 240 | 240 | - | - |
| بورڈ/ یونیورسٹی رجسٹریشن فیس بورڈ/یونیورسٹی سے جاری کردہ شیڈول کے مطابق۔ | | | | | | |

**نوٹ:** 1- رجسٹریشن سپورٹس فیس/ بورڈ یونیورسٹی گورنمنٹ کے مقرر کردہ رولز کے مطابق وصول کی جائے گی۔

2- ری ایڈمیشن گورنمنٹ کے مقرر کردہ رولز اور ریٹ کے مطابق ہوگا اور جرمانہ اس کے علاوہ ہوگا۔

3- کمپیوٹر مضمون منتخب کرنے والی طالبات سے کالج فیس کے علاوہ کمپیوٹر فیس بھی وصول کی جائے گی۔

4- ایک شعبے کی فیس دوسرے شعبے میں منتقل نہیں ہوگی۔

5۔ سال دوم اور سال چہارم کی طالبات پورے سال کی فیس گرمیوں کی چھٹیوں سے پہلے اَدا کریں گی۔

## ٹیوشن فیس معافی کا طریق کار

☆ طالبات کو گورنمنٹ/ بورڈ/ یونیورسٹی یا کسی ادارے کی طرف سے وظائف استحقاق کی بنیاد پر دیے جاتے ہیں۔

☆ حقدار طالبات کے لیے بہبود فنڈ اور ریڈ کریسنٹ فنڈ، کے ذریعے مالی معاونت بھی کی جاتی ہے۔

1- کالج میں پڑھنے والی دو بہنوں میں سے ایک بہن پوری فیس ادا کرے گی جبکہ دوسری بہن کی فیس آدھی ٹیوشن فیس معاف ہوگی۔

2۔ اساتذہ کے بچوں کی ٹیوشن فیس معاف کی جاتی ہے۔

3۔ یتیم بچوں کی ٹیویشن فیس معاف کی جاتی ہے جس کے لیے والد کا Death Certificate لگانا ضروری ہے

## انٹرمیڈیٹ میں داخلے کے لیے آن لائن درخواست دیں

**www.ocas.punjab.gov.pk**

1۔ **www.ocas.punjab.gov.pk** پر جائیں اور رول نمبر کے اندراج کے بعد اپنا بورڈ منتخب کریں۔
2۔ کالج اور پروگرام منتخب کریں اور درخواست کی رسید پرنٹ کریں۔
3۔ درخواست کی فیس (25 روپے) بینک آف پنجاب کی کسی بھی شاخ میں جمع کروائیں۔

ہیلپ لائن کے اوقات: صبح 9 بجے سے شام 6 بجے تک ہیلپ لائن **042-35909209 helpline.ocas.punjab.gov.pk**

جو امیدوار داخلے کے لیے آن لائن درخواست نہیں دینا چاہتے وہ دستی طریقہ کار کے تحت داخلے کے لیے درخواست دے سکتے ہیں۔
برائے مہربانی تفصیلات کے لیے متعلقہ کالج سے رابطہ کریں۔
فیڈرل اور دیگر صوبائی بورڈز سے تعلق رکھنے والے امیدوار دستی طریقہ کار کے تحت درخواست دیں گے۔

## اہم معلومات

☆ انٹرمیڈیٹ کی سہولت کے حامل کسی بھی جگہ سے آن لائن درخواست دیں۔
☆ درخواست گزار ایک سے زیادہ درخواستیں (مختلف کالجوں/ پروگراموں کے لیے) بھی دے سکتے ہیں۔
☆ درخواست گزاروں کی معلومات خودکار طریقے سے متعلقہ کالجوں کو فراہم کی جائیں گی۔
☆ متعلقہ کالج آپ کے میٹرک کے نتائج، آپ کی درخواست کے ہمراہ خودکار طریقہ سے دیکھ سکیں گے۔
☆ درخواست گزار اپنی درخواست کا سٹیٹس آن لائن معلوم کرسکیں گے۔